بیلٹ پیپر

27 اکتوبر 2026 کو صبح ساڑھے دس بجے ہونے والی ووٹنگ کے لیے بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کی غرض سے مقام: نور جہاں بینکوئٹ ہال، 10۔اے، ایبک بلاک، مین بولیوارڈ، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔

ٹیلی فون: +92 42 35764026-28 / www.ghazifabrics.com

ای میل: chairperson@ghazifabrics.com

حصص یافتہ/مشترکہ حصص یافتگان کا نام	
رجسٹرڈ پتہ	
ملکیت میں موجود حصص کی تعداد اور فولیو نمبر	
شناختی کارڈ نمبر (کاپی منسلک کی جائے)	
اضافی معلومات اور منسلک دستاویزات (کارپوریٹ باڈی، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں)	

میں/ہم بذریعہ پوسٹل بیلٹ درج ذیل قراردادوں کے سلسلے میں اپنا ووٹ استعمال کر رہا ہوں/ کر رہے ہیں، اور نیچے دیے گئے متعلقہ خانے میں ٹک (/) کا نشان لگا کر اپنی رضامندی کا اظہار کر رہا ہوں/ کر رہے ہیں؛

نمبر شمار	قراردادوں کی نوعیت اور تفصیل	عام حصص کی وہ تعداد جن کے لیے ووٹ ڈالا گیا	میں/ہم قراردادوں کی منظوری دیتے ہیں (حق میں)	میں/ہم قراردادوں سے اختلاف کرتے ہیں (مخالفت میں)
1	**ایجنڈا نمبر 5:** درج ذیل قرارداد غور کرنا اور مناسب سمجھنے کی صورت میں، اسے (کسی ترمیم، اضافے یا حذف کے ساتھ یا اس کے بغیر) بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا: ,, یہ قرارداد منظور کی جاتی ہے کہ غازی فیبرکس انٹرنیشنل لیمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کی منظوری دی جاتی ہے اور کمپنی کو اس بات کا مجاز ٹھہرایا جاتا ہے کہ وہ اسپننگ یونٹ کے تمام پرانے پلانٹ اور مشینری فروخت کر دے، جسے توانائی کے زیادہ استعمال اور پیداواری صلاحیت کم ہونے کی وجہ سے غیر مؤثر قرار دیا گیا ہے۔،، ,, مزید یہ کہ کمپنی کا چیف ایگزیکٹو آفیسر یا ان کے مجاز کردہ کسی بھی شخص کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ایسے اثاثہ جات کی فروخت کو، کمپنی کے بہترین مفاد اور مناسب سمجھی جانے والی شرائط وضوابط کے تحت ممکن بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے؛ جن میں معاہدے کرنا، دستاویزات کی تکمیل کرنا اور تمام ضابطہ جاتی وقانونی تقاضوں کی تعمیل کو یقینی بنانا شامل ہے، لیکن یہ اقدامات صرف انہی تک محدود نہیں ہیں۔،، ,, مزید یہ کہ کمپنی اس قرارداد میں درکار ترمیم پر اتفاق کرتی ہے، جس کے لیے شیئر ہولڈرز کی مزید منظوری کی ضرورت نہیں ہے۔،، ,, مزید یہ کہ پرانے پلانٹ اور مشینری کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کو ڈائریکٹرز کے قرض کی ادائیگی اور/یا ایسی نئی ٹیکنالوجی کے حصول پر خرچ کی جائے گی جو زیادہ پیداوار یا استعداد اور توانائی کے کم استعمال کی حامل ہو، تاکہ کمپنی کی آپریشنل کارکردگی اور پائیداری کو بہتر بنانے کے تزویراتی اہداف کی تکمیل کی جاسکے۔،،			

نمبر شمار	قراردادوں کی نوعیت اور تفصیل	عام حصص کی وہ تعداد جن کے لیے ووٹ ڈالا گیا	میں/ہم قراردادوں کی منظوری دیتے ہیں (حق میں)	میں/ہم قراردادوں سے اختلاف کرتے ہیں (مخالفت میں)
2	**ایجنڈا نمبر 6** "درج ذیل قرارداد غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، اسے ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا: ,, یہ فیصلہ کیا گیا لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کا ضابطہ) کے ضوابط، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ضوابط، کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور دیگر تمام قابل اطلاق قوانین وضوابط کے تحت، غازی فیبرکس انٹرنیشنل لیمیٹیڈ کمپنی کے اراکین کی جانب سے کمپنی کے ہیڈ آفس کی عمارت/احاطے کو فروخت کرنے کی منظوری دی جاتی ہے۔ یہ فروخت کسی آزاد ویلیوئر (قیمت کا تعین کرنے والے) کی جانب سے مقرر کردہ منصفانہ مارکیٹ ویلیو سے کم قیمت پر نہیں کی جائے گی اور اس کے لیے ایسی شرائط و ضوابط طے کیے جائیں گے جنہیں بورڈ آف ڈائیریکٹرز منظور کرے اور جو منصفانہ، معقول اور کمپنی کے بہترین مفاد میں ہوں۔،، ,, مزید یہ کہ کمپنی کا کوئی بھی ڈائیریکٹر، کمپنی سیکرٹری اور/یا بورڈ آف ڈائیریکٹرز کی جانب سے باظابطہ طور پر مجاز کمپنی کا کوئی بھی افسر، مشترکہ اور انفرادی طور پر اس بات کا مجاز ہے کہ وہ فروخت کے معاہدے، انتقال ملکیت کی دستاویز اور دیگر تمام معاہدوں، دستاویزات، درخواستوں، اعلانات اور کاغذات پر بات چیت کرے، انہیں حتمی شکل دیا اور ان کی تکمیل کرے؛ تمام قانونی، کارپوریٹ اور ریگولیٹری منظوریوں کا حصول اور ضروری فائلنگ (اندراجات) یقینی بنائے؛ اور ایسے تمام اقدامات اور امور سرانجام دے جو اس قرارداد پر عمل درآمد کے لیے ضروری یا مناسب ہوں۔،، ,, مزید یہ کہ کمپنی اس قرارداد میں درکار ترمیم پر اتفاق کرتی ہے ،جس کے لیے شیئر ہولڈرز کی مزید منظوری کی ضرورت نہیں ہے ۔،، ,, مزید یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے ہیڈ آفس کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کو ڈائریکٹرز کے قرض کی ادائیگی اور/یا ایسی نئی ٹیکنالوجی کے حصول کے لیے استعمال کیا جائے گا جو پیداواری کارکردگی میں اضافے اور توانائی کے کم استعمال کی خصوصیات کی حامل ہو، تاکہ آپریشنل کارکردگی اور پائیداری کو بہتر بنانے کے کمپنی کے اسٹریٹجک اہداف کی تکمیل کی جا سکے۔،،			

____

شیئر ہولڈر کے دستخط

مقام:_______________________

تاریخ:_______________________

نوٹس:

1۔مکمل طور پر پُر کردہ پوسٹل بیلٹ چیئر پرسن محترمہ عذرا یاسمین، 8 C,E III,Gulberg III لاہور کو بھیجا جائے یا chairperson@ghazifabrcis.com پر ای میل کیا جائے۔

2۔پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی منسلک کی جانی چاہیے۔

3۔پوسٹل بیلٹ فارم اجلاس کے چیئر پرسن کو 26 اکتوبر 2026 کو شام پانچ بجے یا اس سے قبل موصول ہو جانے چاہئیں۔اس تاریخ کے بعد موصول ہونے والے کسی بھی پوسٹل بیلٹ کو ووٹنگ کے لیے شمار نہیں کیا جائے گا۔

4۔پوسٹل بیلٹ پر دستخط، شناختی کارڈ (CNIC) پر موجود دستخط سے مطابقت رکھنے چاہئیں۔

5۔نامکمل، دستخط کے بغیر، غلط، مسخ شدہ، پھٹے ہوئے، خستہ حال یا اووررائیٹنگ (تحریر کے اوپر دوبارہ لکھے جانے) والے بیلٹ پیپر مسترد کر دیے جائیں گے۔